الممتاز اکیڈمی۔ملت گارڈن ،ملیر، کراچی۔

دینی وقرآنی اورعصری علوم کے ساتھ ساتھ دُنیاوی وعصری علوم کے فروغ کیلئے محبوب العارفین حضرت قبلہ الحاج الحافظ قاری ممتاز احمد رحمانی نوراللہ مرقدہٗ کے نام نامی اسمِ گرامی سے موسوم ''الممتاز اکیڈمی'' کے نام سے ایک منفرد، معیاری اورمثالی ادارہ 2003ء میں ملیرمیں قائم کیا گیا۔ جوپہلے پہل ایک کرائے کی عمارت میں کام کرتارہا۔ بعدازاں ملت گارڈن سوسائٹی، ملیرمیں ایک وسیع وعریض رقبہ پرمحیط اپنی تعمیرشدہ عمارت میں منتقل ہوا۔ اورآج الحمدللہ! حضور قبلہ چچا جان الحاج صوفی ابراراحمد قادری چشتی ممتازی رحمانی نوراللہ مرقدہٗ کی کاوشوں کی بدولت ایک دومنزلہ عظیم الشان عمارت کی شکل میں موجود ہے۔ جہاں میٹرک تک اسکول کی تعلیم کے ساتھ ساتھ حفظ وناظرہ، تجویدوقرأت، ترجمۂ قرآن، فہم دین کورس، فنِ نعت خوانی وخطابت، انگلش لینگویج اوردیگرکئی شعبہ جات میں تعلیم وتدریس کااہتمام ہے۔ جہاں اس وقت کم وبیش 1200 طلبہ وطالبات زیرتعلیم ہیں۔ اور 108 افراد پرمشتمل تدریسی وغیرتدریسی عملہ یہاں خدمات انجام دے رہاہے۔

اِس ''الممتاز اکیڈمی'' ملیر کے احاطے میں ہی ایک جامع مسجد بھی موجود ہے۔ جہاں پنجوقتہ باجماعت نماز کی ادائیگی کااہتمام

ہوتا ہے۔اور دن میں شعبۂ حفظ القرآن برائے اطفال کی کلاسز لگتی ہیں۔جبکہ اِس سے ملحق ایک بڑے ہال نُما کمرے میں بانی مدارسِ رحمانیہ، مُبلغِ ترجمۂ قرآں، مخدوم ومکرم حضرت قبلہ چچا جان الحاج صوفی ابرار احمد قادری چشتی ممتازی رحمانی نوراللہ مرقدہٗ کا مزارِ مُبارک موجود ہے۔جن کا وصالِ مُبارک اور 9 صفرالمظفر 1442ھ بمطابق 26اور 27 ستمبر 2020ء ہفتہ اور اتوار کی درمیانی شب مغرب وعشاء کے درمیان تقریباً 7:30 بجے شب کراچی میں ہوا۔اگلے روز بعد نمازِ ظہر مدینہ جامع مسجد ممتاز نگر بی ایریا ملیر شریف کراچی میں نمازِ جنازہ کی ادائیگی کے بعد آپ کی وصیت کے مطابق الممتاز کیڈمی ،ملت گارڈن ملیر میں مختص شدہ جگہ پر آپ کی تدفین عمل میں آئی۔ جہاں برسوں حفظ القرآن کی کلاسز لگتی رہیں۔اور قرآنِ مجید پڑھا جاتا رہا۔اور اب بھی تدریسِ قرآن کے ساتھ ساتھ یہاں روزانہ بعد نمازِ مغرب تا اذانِ عشاء اور بروز پیر بعد عشاء تا ڈیڑھ گھنٹہ حلقۂ ذکر ونعت خوانی وبیان ودُعا کی خصوصی محفل بھی منعقد ہوتی ہے۔

انشاء اللہ اِس ”الممتاز اکیڈمی ملیر“ میں مستقبل میں ٹیکنیکل ایجوکیشن/کورسز کے ساتھ ساتھ دیگر شعبہ جات کا قیام بھی عمل میں لایا جائے گا۔جس کیلئے عمارت کی مزید تعمیر وتوسیع ،تزئین وآرائش اور وسائل کی ضرورت ہے۔لہٰذا اہلِ ثروت ومخیّر حضرات سے اِس ادارے کیلئے بھی دل کھول کر مالی وعملی تعاون کی اپیل کی جاتی ہے۔